17/03/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعمر مختار

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانونپر زور دیا ہے کہ وہ اصولوں پر کار فرما ، ایک محفوظ اور ترقی یافتہ جموں کشمیروجود میں لانے میں اپنا بھر پور رول ادا کریں ۔ کل سینٹرل سنسکرت یونیورسٹی جموں کیمپس جسے اب شری مہاراجہ رنبیر سنگھ کیمپس کے نام سے جاناجاتا ہے میں شری مہاراجہ رنبیر سنگھ کے مجسمے کی نقاب کشائی کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ قوم جموں کشمیر میں ایک فعال کلچرل نظام قائم کرنے کیلئے ان کی مرہون منت ہے ۔

........LG........

ایل جی ملاقات

اس دوران لوک بھون جموں میں کل کئی شخصیات اور وفود نے لیفٹنٹ گورنرکے ساتھ ملاقات کی کے ساتھ ملاقات کرنے والوں LGاور مختلف نوعیت کے معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ جموں کشمیر کے ترجمان ابھجیت جسروٹیہ ، رگھو ناتھ جی جموں آرتی سنستھا کی چیر BJPمیں کے صدر سندیپ جین کی سربراہی میں ایک Jain Sanghatna پرسن ڈاکٹر ریتو سنگھ، بھارتیہ سنستھا کے صدر ہربنس لال کی قیادت Shrines وفد اور شری ماتا ویشنو دیوی جی پراچین مارگ میں ایک وفد شامل تھا ۔

ایل جی دکھ

دریں اثنا منوج سنہا نے جموں صوبے کے کوٹ گھڑی اکھنور علاقے میں ایک سڑک حادثے میں ہوئے انسانی جانوں کے زیاں پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے اس حادثے میں جاں بحق ہوئے افراد کے لواحقین کے ساتھ ہمدرد ی ظاہر کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل
شہرہ

آفاق جھیل ڈل کے کنارے زبرون پہاڑی کے دامن میں واقع ایشیاءکے سب سے بڑے ٹولپ ۓ گارڈن کو سیاحوں کیلئے کھولنے کے بعد وہانٹولپ شو2026کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ موسم بہار سیاحت سے وابستہ افراد کیلئے خوشحالی کی نوید لے کر آئے گا۔

........CM....Byte...........

شب قدر

لیلتہ القدر کے سلسلے میں گزشتہ شب وادی کی مساجد خانقاہوں اور بقہ جات میں شب بیداری کی مجالس کا انعقاد ہوا ۔ جن میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی اور اللہ کے حضورسر بسجود ہو کر اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کی ۔ اسکے علاوہ لوگ درود وازکار ، نعت و مناجات اورقرآن خوانی میں بھی محو رہے ، جبکہ خطیب حضرات نے شب قد ر کی فضیلت و اہمیت بیان کی ۔

شب بیداری کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرتبل میں منعقد ہو، جہاں رات بھر درود وازکار اور نعت و مناجات کی صدائیں فضا میں گونجتی رہیں۔

...........Darood.......

جموں کشمیر کے دیگر علاقوں سے شب بیداری کی مجالس کے اہتمام کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل اکھنورمیں سٹیل برج کے نزدیک رنبیر کنال میں پانی چھوڑنے کے کام کی شروعات کی۔ انہوننے کسانوں کو یقین دلایا کہ آنے والے زرعی موسم میں انہیں آبپاشی کی بہتر سہولیات دستیاب کرائی جائیں گی۔

یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے یونیورسٹی کے سینٹر فار کیرئر کے اُن 11طالب علموں کی عزت افزائی کی، جنہوں نے Placement کونسلنگ، کوچنک اینڈ امتحان مینکامیابی حاصل کی ہے-JKASجموں کشمیر پبلک سروس کمیشن کے سال2024کے

واضح رہے کہ یونیورسٹی میں مذکورہ سینٹر کا قیام سول سروس امتحان دینے والے خواہشمند امیدواروں خصوصاً سماج کے پسماندہ طبقوں سے تعلق رکھنے والے اور خواتین امید واروں کو مناسب کوچنگ اور تدریسی معاونت فراہم کرنے کی غرض سے عمل مینلایا گیا ہے۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس محکمے اور جموں کشمیر سپورٹس کونسل کی کار کردگی کا جائزہ لیا۔چیف سیکریٹری نے ان محکمونکی

طرف سے یو ٹی بھر مینکھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے بار ے میں جانکاری حاصل کی۔

ACB

سپیشل جج اینٹی کورپشن کورٹ سرینگرنے رشوت خوری کے ایک معاملے مینبشیر احمد ڈار نے پٹوار حلقہ ACB نامی ایک پٹواری کو ملزم قرار دیا ہے ۔ اسی طرح کے ایک اور معاملے میں منڈادھمپور کے پٹواری محمد سلیم بانڈے کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ